# 30-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیرامکنہ پی سرینواس ریڈی نے یقین دہانی کرائی ہے کہ شہری غریبوں کے روزگار کو متاثر کئے بغیر ان کی بستیوں کے حدود میں ہی تمام جدید ترین 'اندرماں مکانات' تعمیر کر کے دئے جائیں گے۔

۲۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے مطالبہ کیا ہے کہ ریاستی حکومت دھان کی خریداری پر سیاست کرنا بند کرے اور کل جماعتی اجلاس و کسان سمینار منعقد کر کے کسانوں کے فائدے کے لئے اقدامات کرے۔

۳۔ وزیرِ زراعت ٹی ناگیشور راؤ نے آج 'تلنگانہ موسمی اڈوائزری پروگرام' کا آغاز کیا ہے جسے حکومت نے کسانوں کو بروقت موسم کی معلومات اور سائنسی زرعی مشورے فراہم کرنے کے لئے ایک باوقار منصوبہ کے طور پر شروع کیا ہے۔

اور

۴۔ وزیر بہبودی خواتین واطفال ڈاکٹر انسویا سیتااکا نے کہا ہے کہ تعلیم دنیا اور زندگی کو بدلنے کا سب سے طاقتور اور اثر انگیز ہتھیار رہے۔

## SUKANYA SAMRIDHI YOJANA

مرکزی حکومت نے دیہی علاقوں کی لڑکیوں کی تعلیم اور شادی کی فکر سے والدین کو آزاد کرنے کے لئے سکنیا سمردھی یوجنا نامی اسکیم متعارف کرائی ہے۔ اس اسکیم کے تحت صفر سے 10 سال تک کی لڑکیوں کا پوسٹ آفس یا بینک میں سکنیا سمردھی کھاتہ کھولا جا سکتا ہے۔ لڑکیوں کے

والدین کو سالانہ کم ازکم 250 روپے اور زیادہ سے زیادہ ایک لاکھ 50 ہزار روپے جمع کرانے ہوں گے۔ اس اسکیم کے بارے میں ایٹورونا گارم پوسٹ آفس کے پوسٹ ماسٹر گوپی کرشنا نے آکاش وانی کو تفصیلات بتائیں۔

PTC Mulugu Dist

Mancherial Women's Week Celebrations

منچریال ضلع کے کلکٹر کمار دیپک نے کہا ہے کہ خواتین کی معاشی ترقی حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔ پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا کے حصہ کے طور پر کلکٹریٹ میں خواتین کا ہفتہ منایا گیا۔ اس تقریب میں ایڈیشنل کلکٹر چندریا اور منچریال کے ایم ایل اے پریم ساگر راؤ نے شرکت کی۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت خواتین کی فلاح و بہبود اور معاشی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت خواتین کو بلاسود قرضہ جات اور بینک سے مربوط قرضہ جات فراہم کر کے تجارت میں ان کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔ تلنگانہ گرامینا بینک کے ذریعہ جملہ 1,210 سیلف ہیلپ گروپس کو 53 کروڑ 10 لاکھ 75 ہزار روپے کے قرضہ جات فراہم کئے جا رہے ہیں۔

PTC MANCHARIAL DIST

Beerla Ilaiah's Cycle Yatra

سرکاری وہپ اور الیر کے ایم ایل اے بیرلا ایلیا نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے آج یادگری گٹہ سے ترکاپلی تک سائیکل یاترا کی۔ انہوں نے یادگری گٹہ منڈل کے ملاپور، ترکاپلی منڈل کے دتائی پلی، راجا پیٹ منڈل کے وینکٹا پورم اور

ترکاپلی علاقوں میں دھان کے خریداری مراکز کا معائنہ کیا۔انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ خریداری مراکز سے دھان کو فوری طور پر گوداموں میں منتقل کیا جائے اور دیگر علاقوں سے حمالی مزدوروں کو لاکر لوڈنگ کے کاموں میں تیزی لائی جائے۔

PTC YADADRI BHONGIR

Education System - Harish Rao

سابق وزیر اور ایم ایل اے ہریش راؤ نے تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کانگریس حکومت نے ریاست میں ڈی ای او کے 30 عہدوں کو خالی رکھ کر تعلیمی نظام کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیا ہے۔ سابق وزیر اور ایم ایل اے ہریش راؤ نے سدی پیٹ کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سرینواس ریڈی کی سبکدوشی کی تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پر ہریش راؤ نے کہا کہ حکومت زیر التوا بلوں، ڈی اے اور ریٹائرمنٹ کے فوائد ادا نہ کر کے اساتذہ کو شدید معاشی مشکلات میں مبتلا کر رہی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ریاست کے 33 اضلاع میں صرف تین مستقل ڈی ای اوز ہیں، اس لئے فوری طور پر مستقل ڈی ای اوز کا تقرر کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ حکومت کے شروع کردہ منا اورو- منا بڈی پروگرام کو ادھورا چھوڑ دینا درست نہیں ہے۔

SIDDIPET DIST PTC

YOUNG INDIA SCHOOL

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے اشوارا وپیٹ میں زیر تعمیر ینگ انڈیا انٹیگریٹڈ ریسیڈنشیل اسکول اور اندرماں مکانات کی تعمیر کا کلکٹر انکت نے معائنہ کیا۔انہوں نے تحصیلدار کے دفتر کا بھی دورہ کیا۔کلکٹر نے حکام کو ہدایت دی کہ ینگ انڈیا اسکولوں کی تعمیر کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کیا

جائے تا کہ آئندہ تعلیمی سال تک یہ طلبہ کے لئے دستیاب ہو سکیں۔ انہوں نے تعمیر کے دوران تمام معیارات پر عمل کرنے کی ہدایت دی تا کہ طلبہ کو بہترین تعلیمی ماحول مل سکے۔ بعدازاں تحصیلدار دفتر کا معائنہ کرتے ہوئے کلکٹر نے حکام کو ہدایت دی کہ بھو بھارتی، سادا بیع نامہ اور اراضیات کے سروے سے متعلق درخواستوں کو بروقت حل کیا جائے۔ انہوں نے اشواراو پیٹ بلدی حدود میں زیر تعمیر اندرماں مکانات کو 2 جون کو گھروں میں داخلے کے لئے تیار کرنے کا حکم دیا۔

PTC BHADRADRI KOTAGUDAM

SIDDIPET

سدی پیٹ ضلع کی کلکٹر کے ہیماوتی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ ضلع میں یوم تاسیس کی تقاریب شاندار طریقہ سے منائی جائیں۔ کلکٹر نے 2 جون کو منعقد ہونے والی تلنگانہ کے یوم تاسیس کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر نے کہا کہ سدی پیٹ ڈگری کالج گراؤنڈ میں منعقد ہونے والی ان تقاریب کیلئے تمام محکموں کو اپنے اپنے طور پر مناسب انتظامات کرنے چاہئیں۔

SIDDIPET DIST PTC

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست کی کانگریس حکومت کسانوں سے دھان کی خریداری میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ حیدرآباد میں بی جے پی کے ریاستی ہیڈ کوارٹرس میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت دھان کی خریداری پر سیاست کرنا بند کرے اور کل جماعتی اجلاس کے ساتھ ساتھ کسانوں کے سمینار منعقد کر کے کسانوں کے فائدے کے لئے اقدامات کرے۔ انہوں

نے کہا کہ بی جے پی کے عوامی نمائندوں کی طرف سے شروع کی گئی رعیّتو گوسا یعنیکسانوں کی پکار یاترا نے خوابِ غفلت میں ڈوبی حکومت کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کسانوں کو تھیلے اور مٹی کی جانچ کی کٹس جیسی بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں بھی ناکام رہی ہے۔

SOUND BYTE

کشن ریڈی نے واضح کیا کہ مرکز اور ریاست کے معاہدے کے مطابق 52.24 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریدا جانا تھالیکن کانگریس حکومت اپنی اس ذمہ داری کونظر انداز کر کے صرف مرکز پر کیچڑ اچھالنے کا کام کر رہی ہے۔ انہوں نے واضحکیا کہ گزشتہ کانگریس حکومت کے دور میں صرف 3,600 کروڑ روپے مالیت کے دھان کی خریداری ہوئی تھی جبکہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں 26 ہزار کروڑ روپے کے دھان کی خریداری کر کے بی جے پی نے کسانوں کے تئیں اپنی مخلصی اور عزم کو ثابت کیا ہے۔

MSM

Ponguleti

وزیر امکنہ پی سرینواس ریڈی نے یقین دہانی کرائی ہے کہ شہری غریبوں کے روزگار اور نقل مکانی کے مسائل کو متاثر کئیبغیر ان کی بستیوں کے حدود میں ہی تمام جدید ترین اندرماں مکانا تعمیر کر کے دیئے جائیں گے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ کیور حدود میں پہلے مرحلہ کے تحت منظور کئیگئے ایک لاکھ مکانات کا سنگ بنیاد بہت جلد وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی رکھیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ان مکانات کی تعمیر کو ایک سال کے اندر اندر مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری

اقدامات کئیجا رہے ہیں۔ وزیر سرینواس ریڈی نے بنجارہ ہلز میں انٹیگریٹڈ سب رجسٹرار دفاتر کے کامپلکس کا سنگبنیاد رکھنے کے بعد اس بات پر زور دیا کہ ہر اسمبلی حلقہ کو ایک یونٹ تصور کیا جائے گا اور جس حلقہ کے غریب عوام ہیں، انہیں اسی حلقہ کے اندر مکانات بنا کر دیئے جائیں گے۔ انہوں نے مزید تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ اسٹامپس، رجسٹریشن اور سروے جیسے تمام متعلقہ محکموں کو کسانوں اور عوام کے لئے ایک ہی چھت کے نیچے دستیاب کرنے کے مقصد سے ان انٹی گریٹیڈ دفاتر کی عمارات تعمیر کی جارہی ہیں۔ اس تقریب میں ریاستی وزراء پونم پربھاکر اور محمد اظہرالدین نے بھی شرکت کی۔

PN

## Consumption of Tobacco Products

ضلع جنگاؤں کے میڈیکل آفیسر ڈاکٹر ملکارجن راؤ نے کہا ہے کہ تمباکو اور اس سے بنی مصنوعات کا استعمال صحت پر انتہائی مہلک اور سنگین اثرات مرتب کرتا ہے۔ کل منائے جانے والے 'عالمی یومِ انسدادِ تمباکو نوشی' کے موقع پر تمباکو کے استعمال سے ہونے والے نقصانات اور مضر اثرات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لئے آج جنگاؤں میں ایک بیداری ریالی نکالی گئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسر ڈاکٹر ملکارجن راؤ نے واضح کیا کہ تمباکو کو کسی بھی شکل میں استعمال کیا جائے، یہ کینسر، امراضِ قلب، فالج، پھیپھڑوں کی بیماریوں، منہ کے امراض اور وقت سے پہلے موت کی ایک بڑی وجہ بنتا ہے۔

PTC, Jangaon District

Mock Parliament

طالبات میں جمہوری جذبہ کوفروغ دینے کے مقصد سے ضلع جنگاؤں میں ایک تمثیلی پارلیمنٹ کا انعقاد کیا گیا۔حکومت کے ’پراجا پالنا۔ پراگتی پرانالیکا‘ کے 99 دنوں کے حصہ کے طور پر منائے جانے والے ’خواتین کے ہفتہ وار جشن‘ کے موقع پر اس تمثیلی پارلیمنٹ کا اہتمام کیا گیا۔ یہ پروگرام سوسائٹی فار ایلیمینیشن آف رورل پاورٹی اور محکمہ دیہی ترقی کے زیرِ اہتمام منعقد ہوا۔تمثیلی پارلیمنٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات میں انعامات اور توصیفی اسناد تقسیم کئے گئے۔ اس پروگرام میں ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا اور ڈی سی پی راج مہندر نائک نے شرکت کی۔اسی طرح ضلع نظام آباد میں بھی کم عمر لڑکیوں کے ساتھ تمثیلی پارلیمنٹ کا انعقاد کیا گیا۔ضلع کلکٹر ایلا ترپاٹھی نے اس موقع پر لڑکیوں کو مشورہ دیا کہ وہ طالب علمی کے دور سے ہی اپنے اندر قائدانہ صلاحیتیں پیدا کریں۔کلکٹر نے بتایا کہ اس پروگرام کے انعقاد کا بنیادی مقصد طالبات کو جمہوری نظام سے واقف کروانا اور ان میں درست فیصلے لینے کی صلاحیت کوفروغ دینا ہے۔

PTC - Nizamabad PTC, Jangaon District

Seethakka

وزیر بہبودی خواتین واطفال ڈاکٹر انسویا سیتا اکا نے کہا ہے کہ تعلیم دنیا اور زندگی کو بدلنے کا سب سے طاقتور ہتھیار ہے۔کونگارا کلاں میں واقع رنگاریڈی ضلع کلکٹریٹ میں ’خواتین کے ہفتہ وار جشن‘ کے موقع پر منعقدہ گرلز نیٹ ورک گروپس کی تمثیلی پارلیمنٹ، ماں کے لئے حروفِ تہجی پروگرام، اور آنگن واڑی یونیفارمس کی تقسیم کی تقریب میں انہوں نے بطورِ مہمانِ خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے لڑکیوں سے اپیل کی کہ وہ کارپوریٹر، میئر، ایم ایل اے اور ایم پی بننے کے نشانہ کے ساتھ زندگی میں آگے بڑھیں۔انہوں نے بتایا

کہ 'اسنیہا سنگم' کے ذریعہ ریاست بھر میں ایک لاکھ کم عمر لڑکیوں کو 10 ہزار سے زائد گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے اور ان کی حفاظت، صحت، غذائیت، تعلیم اور خودمختاری جیسے امور پر خصوصی پروگرام چلائے جارہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حمل کے مرحلہ سے لے کر تین سال کی عمر تک کے بچوں کی غذائی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے آنگن واڑی مراکز کو مزید مضبوط اور فعال بنایا جارہا ہے۔

PN

Tummala – Weather Advisory Program

وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ نے آج 'تلنگانہ موسمی اڈوائزری پروگرام' کا آغاز کیا جسے حکومت نے ریاست کے کسانوں کو بروقت موسم کی معلومات اور سائنسی زرعی مشورے فراہم کرنے کے لئے ایک باوقار منصوبہ کے طور پر شروع کیا ہے۔ اس پروگرام کا افتتاح ڈاکٹر بی آر امبیڈکر ریاستی سکریٹریٹ میں عمل میں آیا۔ یہ پروگرام محکمہ زراعت تلنگانہ کے زیرِ اہتمام، ڈیولپمنٹ انوویشن لیب انڈیا نامی تنظیموں کے تعاون سے شروع کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر ناگیشور راؤ نے کہا کہ موجودہ حالات میں جہاں موسمی تبدیلیاں زرعی شعبہ کے لئے چیلنج بن رہی ہیں، کسانوں کو موسم کی قطعی اور بروقت معلومات فراہم کرنا انتہائی ضروری ہو گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جدید ٹکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے کسانوں کو زمینی سطح پر کارآمد مشورے فراہم کرنا ہی اس پروگرام کا بنیادی مقصد ہے۔ وزیر موصوف نے انکشاف کیا کہ منڈل کے لحاظ سے بارش، درجہ حرارت، موسمی حالات اور زراعت سے متعلق اہم ہدایات کسانوں کو واٹس ایپ کے ذریعہ بھیجی جائیں گی۔

PN

## Recognition of Telangana Activists

تلنگانہ تحریک کے مجاہدین کی شناخت اورانہیں مناسب احترام واعزاز دینے کے لئے حکومت کی جانب سے تشکیل دی گئی کمیٹی کا ایک اہم اجلاس آج ڈاکٹر بی آر امبیڈکر ریاستی سکریٹریٹ میں منعقد ہوا۔ واضح رہے کہ حکومت نے تلنگانہ تحریک کے کارکناں کی شناخت اوراعزاز کے لئے رواں ماہ کی 15 تاریخ کو جی او نمبر 679 جاری کیا تھا جس کے تحت اس کمیٹی کا یہ پہلا اجلاس تھا۔ کمیٹی کے چیرمین ڈاکٹر کے کیشو راؤ کی صدارت میں منعقدہ اس اجلاس میں تحریک کے مجاہدین کی شناخت کے طریقہ کار، رہنمایانہ خطوط اوران کے متعلق معلومات وڈیٹا اکٹھا کرنے جیسے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ آنے والی 4 جون کو تمام سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک کل جماعتی اجلاس منعقد کی جائے گی تاکہ اس سلسلہ میں ان کی تجاویز اورمشورے حاصل کئے جاسکیں۔ کمیٹی کے چیرمین ڈاکٹر کے کیشو راؤ نے بتایا کہ علیحدہ ریاست تلنگانہ کے حصول کی تحریک میں براہِ راست یا بالواسطہ طور پر حصہ لینے والے تمام افراد کی شناخت کرنا اورانہیں مناسب طریقہ سے عزت واحترام دینا ہی حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔

PN

○○